## مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان کی جانب سے اسلام آباد کے فیڈرل گورنمنٹ کالج میں توڑ پھوڑ اور کالج کے پروفیسرز پر تشدد کھلی غنڈہ گردی اور دہشت گردی ہے۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## غنڈہ گردی اور دہشت گردی پر مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان اور انکے ساتھیوں کو گرفتار کیا جائے

## قانون شکنی اور مجرمانہ کارروائی میں ملوث ہونے پر انجم عقیل خان کی اسمبلی کی رکنیت معطل کی جائے

## ایسا لگتا ہے کہ مسلم لیگ ن کے ارکان اسمبلی کو غنڈہ گردی، دہشت گردی، تشدد، لوٹ مار، چوری، ڈکیتی، ریپ اور دیگر مجرمانہ سرگرمیوں کا کھلا لائسنس دیدیا گیا ہے۔میاں نواز شریف اپنے ارکان اسمبلی کی غنڈہ گردیوں اور مجرمانہ سرگرمیوں کا نوٹس لیں

کراچی۔۔۔3 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان کی جانب سے اسلام آباد کے فیڈرل گورنمنٹ کالج میں غنڈہ گردی، توڑ پھوڑ اور کالج کے پروفیسرز کو تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے اور صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی کابینہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اس سنگین واقعہ کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور اس غنڈہ گردی اور دہشت گردی میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان نے ایک طالبعلم جو کہ میٹرک میں انتہائی کم نمبروں میں پاس ہوا تھا جس کی وجہ سے اس کا داخلہ ممکن نہیں تھا، انجم عقیل خان نے فیڈرل گورنمنٹ کالج اسلام آباد میں اس کے داخلے کیلئے کالج کی ایڈمیشن کمیٹی پر دباؤ ڈالا، کالج انتظامیہ اسپورٹس کوٹے پر داخلے کیلئے تیار ہوگئی تھی لیکن انجم عقیل خان نے ایڈمیشن کمیٹی پر یہ دباؤ ڈالا کہ اس طالبعلم کو اسپورٹس کوٹے کے بجائے اوپن میرٹ سیٹس پر داخلہ دیا جائے۔ایڈمیشن کمیٹی نے ایسا کرنے سے انکار کیا تو مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان نے اپنے دیگر مسلح ساتھیوں کے ہمراہ کالج پر دھاوا بول دیا، کالج میں توڑ پھوڑ کی اور کالج کے پروفیسرز کو بری طرح تشدد کا نشانہ بنایا اور انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔رابطہ کمیٹی نے اس واقعہ کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کے ارکان قومی وصوبائی اسمبلی جس طرح کھلی غنڈہ گردی کررہے ہیں اس سے ایسا لگتا ہے کہ انہیں غنڈہ گردی، دہشت گردی، تشدد، لوٹ مار، چوری، ڈکیتی، ریپ اور دیگر مجرمانہ سرگرمیوں کا کھلا لائسنس دیدیا گیا ہے، مسلم لیگی ارکان نے غنڈہ گردی کا راج اس حد تک برپا کررکھا ہے کہ وہ کالج کے معزز اساتذہ تک کو تشدد کا نشانہ بنارہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی کابینہ سے مطالبہ کیا کہ اس سنگین واقعہ کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور اس غنڈہ گردی اور دہشت گردی میں ملوث رکن قومی اسمبلی اور انکے ساتھیوں کو گرفتار کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو فرد خود دہشت گردی اور غنڈہ گردی کا بازار گرم کرے اس کا اسمبلی کے رکن رہنے کا جواز بھی باقی نہیں رہتا لہٰذا ہم الیکشن کمیشن سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان کی دہشت گردی اور غندہ گردی کا نوٹس لیتے ہوئے قانون شکنی اور مجرمانہ کارروائی میں ملوث ہونے پر اسکی رکنیت معطل کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نواز شریف سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے ارکان اسمبلی کی غنڈہ گردیوں اور مجرمانہ سرگرمیوں کا نوٹس لیں۔

## ڈاکٹر فاروق ستار نے قاتلانہ حملے میں زخمی ہونے والے وفاقی وزیر حامد سعید کاظمی کی عیادت کی

## حامد سعید کاظمی نے خیریت دریافت کرنے قائد تحریک الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد۔۔۔03 ستمبر 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار گزشتہ روز پولی کلینک اسپتال گئے اور بدھ کے روز ایک قاتلانہ حملے میں زخمی ہونے والے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور حامد سعید کاظمی کی قائد تحریک جناب الطاف حسین اور اپنی جانب سے عیادت اور ان کی خیریت دریافت کی اور قاتلانہ حملے پر انتہائی افسوس کا اظہار کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار سے گفتگو کرتے ہوئے حامد سعید کاظمی نے عیادت اور قاتلانہ حملے پر افسوس کا اظہار کرنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ بھی ادا کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حامد سعید کاظمی پر ہونے والے قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے اور کہا کہ یہ حملہ سوات اور مالاکنڈ میں مسلح افواج کے کامیاب آپریشن کے جواب میں کیا گیا ہے یہ حملہ حکومت کے ان اقدامات کو ناکام بنانے کیلئے بھی ہے جو وہ ملک کے استحکام اور سلامتی کیلئے بروئے کار لارہی ہے لیکن حکومت دہشتگردوں کے ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے ہرگز خوفزدہ نہیں ہوگی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے اسی قاتلانہ حملے میں حامد سعید کاظمی کے ڈرائیور کے جاں بحق ہونے پر بھی گہرے افسوس کا اظہار کیا اور سوگوار لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔(آمین)

## مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی انجم عقیل کی جانب سے اسکول پرنسپل کو تشدد کا نشانہ بنانے کیخلاف سینیٹ میں تحریک التواء
## تحریک التواء حق پرست سینیٹر طاہر مشہدی نے جمع کرائی

اسلام آباد۔۔۔03/اگست 2009ء

اسلام آباد میں مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان کی جانب سے اسکول پرنسپل کو تشدد کا نشانہ بنانے، انہیں دھمکیاں دینے اور اسکول میں توڑ پھوڑ کے خلاف سینیٹ سیکریٹریٹ میں تحریک التواء جمع کرادی گئی ہے۔ یہ تحریک التواء ایم کیوایم کے حق پرست سینیٹر کرنل (ر) طاہر مشہدی نے جمع کرائی ہے۔ تحریک التواء میں کہا گیا ہے کہ رکن قومی اسمبلی انجم عقیل کا طرز عمل پارلیمنٹرین کے مقام اوران کے فرائض کے ادائیگی کی نفی کرتا ہے۔ تحریک التواء میں چیئرمین سینیٹ سے استدعا کی گئی ہے کہ ایسا لائحہ عمل ترتیب دیا جائے کہ آئندہ کوئی بھی رکن قومی اسمبلی ایسی پرتشدد کارروائیوں کا ارتکاب نہ کرسکے۔

## ایم کیوایم ہم آہنگی اور مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے، توصیف خانزادہ، شاکر علی، سیف یار خان
## سنی تحریک، عوامی نیشنل پارٹی، پیپلز پارٹی اور جسقم کے رہنماؤں کی دعوت افطار میں شرکت

کراچی۔۔۔03/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی کے مختلف سیکٹرز کی جانب سے گزشتہ روز معززین شہر، حق پرست عوام اور سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کے اعزاز میں دعوت افطار کا اہتمام کیا گیا۔ ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر میں منعقدہ دعوت افطار میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان توصیف خانزادہ، شاکر علی، سیف یار خان، صوبائی وزیر، شیخ محمد افضل، حق پرست ارکان اسمبلی، آصف حسنین، ایوب شیخ، ساجد احمد، وسیم احمد، خالد احمد، معین عامر پیرزادہ، علیم الرحمان، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی ودیگر ارکان کمیٹی، حق پرست ٹاؤن ناظمین عارف خان ایڈوکیٹ، حمید احمد، ندیم راضی، ٹاؤن نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، حق پرست شہداء کے اہل خانہ، خواتین کونسلرز، ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکنان، ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے کارکنان، ایم کیوایم پی پی اوسی کے کارکنان کے علاوہ مارکیٹ ایسوسی ایشن کے ارکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دعوت افطار میں سنی تحریک، عوامی نیشنل پارٹی، پاکستان پیپلز پارٹی اور جئے سندھ قومی محاذ کے علاقائی ذمہ داران وکارکنان نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس سے قبل دعوت افطار سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان توصیف خانزادہ، شاکر علی اور سیف یار خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے اور قائد تحریک الطاف حسین اتحاد بین المسلمین کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔ انہوں نے تمام شرکاء کو ماہِ رمضان کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ رمضان کا مقدس مہینہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کیلئے ایک تحفہ ہے جس کے ہر عشرے میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر توبہ کے دروازے کھلے رکھتا ہے اوران پر اپنے رحم کی بارش برساتا رہتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کے پہلے روزے کو ہی بریگیڈئر امتیاز نے اپنے ضمیر کی آواز پر سچ وحق کا اظہار کیا اور پوری دنیا کو جناح پور کی جھوٹی کہانی اوراس کے پس پردہ گھناؤنی سازش سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج ایم کیوایم پر سے ایک جھوٹا الزام صاف ہوگیا اور ایم کیوایم تمام تر مصائب ومشکلات اور مظالم سہنے کے بعد سرخرو ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ مہینہ دعاؤں کی قبولیت کا مہینہ ہوتا ہے اور اپنے نفس پر قابو رکھنے کی تربیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں چاہیئے کہ ہم اس ماہ مقدس میں اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ اوراس کے بندوں کے حقوق کے حوالے سے بھی خاص خیال رکھیں۔ آخر میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت تندوستی، تحریک کی کامیابی، سازشوں کے خاتمے، حق پرست شہداء کی مغفرت اوران کے بلند درجات، اسیروں کی رہائی اور لواحقین کے صبر وجمیل کی دعائیں بھی کیں۔ تقریبات کے آخر میں تمام شرکاء نے پورے اہتمام کے ساتھ روزہ افطار کیا۔

## وفاقی وزیر برائے مذہبی امور حامد سعید کاظمی پر قاتلانہ حملے کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔3/ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے مذہبی امور حامد سعید کاظمی پر قاتلانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ انتہاء پسند دہشتگردوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حامد سعید کاظمی بم دھماکوں اور خودکش حملے کرنے والے دہشتگردوں

کیخلاف سرگرم تھے اوراعتدال پسند علماء ومشائخ کومتحد کرنے کی کوششوں میں مصروف تھے۔انہوں نے کہا کہ مذہبی انتہاء پسندی دہشتگردوں کیخلاف جدوجہد کرنے کی پاداش میں حامد سعید کاظمی کونشانہ بنانے کی کوشش کی گئی جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے وفاقی وزیر کی جانب سے قتل کی دھمکیوں کی اطلاعات حکومت کودینے کے باوجود حفاظتی انتظامات نہ کرنے پر گہرے افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ وفاقی وزیر حامد سعید کاظمی پر قاتلانہ حملے کاسنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اوردہشت گردوں کوگرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے قاتلانہ حملے میں جاں بحق ہونے والے ڈرائیورکے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی اورزخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم محبّ وطن جماعت ہے،اقلیتی امور کمیٹی

کراچی۔۔۔3،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اقلیتی امورکمیٹی کے انچارج واراکین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پر جناح پور بنانے نے کا الزام جھوٹا ثابت ہوچکا ہے اور ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ ایم کیوایم کیخلاف بہتان تراشی کا مقصد ملک بھر کے غریب عوام کوایم کیوایم کے دورکرنا تھا اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ جو عناصر ایم کیوایم پر ملک دشمنی اورغداری کے جھوٹے اورمن گھڑت الزامات عائد کیا کرتے تھے آج وہی قوم کے سامنے یہ اعتراف کررہے ہیں کہ ایم کیوایم کے کسی دفتر سے جناح پور کے نقشہ برآمد نہیں ہوئے اورنقشوں کی برآمدگی ایک ڈرامہ تھی۔اقلیتی امورکمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم یکوایم بلاامتیاز رنگ ونسل زبان،عقیدہ اورمذہب دکھی انسانیت کی عملی خدمت کررہی ہے اور ملک بھر سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرستانہ جدوجہد کی پاداش میں نہ صرف ایم کیوایم کیخلاف ریاستی آپریشن کیا گیا بلکہ ایم کیوایم پر ملک دشمنی کے جھوٹے الزامات بھی لگائے گئے تاکہ حق پرستی کا فکروفلسفہ ملک بھر میں نہ پھیل سکے۔انہوں نے کہا کہ تمام ترظلم وبربریت کے باوجود حق پرستی کی جدوجہد جاری ہے گی

## محنت کشوں کیلئے اضافی بونس کی ادائیگی پر ایم کیوایم لیبرڈویژن کا اظہار تشکر

کرچی۔۔۔3/ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کے انچارج وسینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے بندرگاہ وجہاز رانی کے وفاقی وزیر بابر خان غوری کی جانب سے کراچی پورٹ ٹرسٹ کے محنت کشوں کیلئے ایک اضافی بونس کی ادائیگی پر دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کے پی ٹی کے محنت کشوں کودرپیش معاشی پریشانیوں کومدنظر رکھتے ہوئے وفاقی وزیر کی جانب سے اضافی بونس کی ادائیگی حق پرستوں کی محنت کشوں سے عملیت پسندی کا کھلا ثبوت ہے

## ایم کیوایم کی جانب سے دانشوروں،کالم نگاروں اورصحافیوں کے اعزاز میں افطار وڈنر ملتوی

## افطار وڈنر 4 ستمبر کے بجائے 6/ستمبر بروزاتوار کوہوگا

کراچی۔۔۔03/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام مورخہ 4/ستمبر کودانشوروں،کالم نگاروں اورصحافیوں کے اعزاز میں دیاجانے والا افطار ڈنر ناگزیر وجوہات کی بناء پر ملتوی کردیا گیا ہے۔یہ افطار ڈنراب مورخہ 6/ستمبر 2009ء بروزاتوار کولال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا۔

☆☆☆☆☆